© rasailojaraid.com



**نوائے بے نوا**' عبدالرشید صدیقی۔ ناشر: منشورات' منصورہ' ملتان روڈ' لاہور' صفحات: ۹۲۔ قیمت: درج نہیں۔

نوائے بے نوا محترم عبدالرشید صدیقی کی نظموں اور غزلوں کا پہلا مجموعہ ہے جس میں آغاز سے اب تک کے تمام کلام کا انتخاب شامل ہے۔ ان کا خوب صورت شعری ذوق اب اس کتاب کے ذریعے کھل کر سامنے آیا ہے۔ یہ کتاب اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ ان کی شاعری کے موضوعات عشق و محبت تک محدود نہیں ہیں اور اُن کا دائرہ کار وطن کی محبت اور اس کی خوشبو کے علاوہ مسلم امہ کے احیا اور دین ہدیٰ کی سربلندی اور اس کی سرفرازی کی تمنا تک پھیلتا چلا جاتا ہے۔ بقول پروفیسر خورشید احمد یہ کتاب 'نے نوازی کا ایسا مرقع ہے جس میں قدیم و جدید' مشرق و مغرب اور نغمہ و پیغام' قوسِ قزح کے مختلف رنگوں کی بہاریں دکھا رہے ہیں اور قلب و نظر دونوں کی تسکین کا سامان فراہم کر رہے ہیں۔

صدیقی صاحب گوالیار میں پیدا ہوئے۔ ممبئی میں یونی ورسٹی تک تعلیم حاصل کی۔ لندن میں لائبریری سائنس میں پوسٹ گریجویٹ کیا اور پھر لسٹر یونی ورسٹی میں طویل عرصے تک انفارمیشن لائبریرین کے طور پر کام کرتے رہے۔ حال ہی میں اسلامک فاؤنڈیشن لسٹر نے اشاعت و فروغِ دین کے مقاصد کے پیشِ نظر انگریزی میں ان کی تین کتابیں شائع کی ہیں۔ وہ برطانیہ میں کئی اسلامی تنظیموں اور اداروں میں آج بھی بھرپور طریقے سے سرگرمِ عمل ہیں۔ زیرنظر کتاب ان کی نفاستِ طبع کا ایک اور پہلو نمایاں کرتی ہے۔ (سعید اکرم)

## تعارف کتب

☆ **معارف الاسماء شرح اسماء اللہ الحسنٰی**' قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری' تحقیق و تخریج: محمد سرور عاصم' ناشر: مکتبہ اسلامیہ بالمقابل رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۱۳۔ قیمت: ۱۳۰ روپے۔ [اللہ تعالیٰ کے ۹۹ ناموں کی شرح۔ طبع اول ۱۹۳۰ء کی نئی خوب صورت اشاعت۔ آیات و احادیث کے حوالوں کا اضافہ از محمد سرور عاصم۔ سرورق پر اور پشت سرورق کے فلیپ میں بھی نام کتاب معارف الاسمٰی درست نہیں۔]

© rasailojaraid.com